تبصرے

ہندوستانی مسلمان آئینۂ ایّام میں: از ڈاکٹر سید عابد حسین: تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۶۶ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ: قیمت مجلّد آٹھ روپیہ۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی

ملک کی آزادی جو تقسیم کے جلو میں آئی اُس کے بعد سے ہی ہندوستانی مسلمانوں کے معاملات و مسائل نے جو گوناگوں پیچیدگی اختیار کرلی ہے اُس پر بہت سے حضرات مسلسل غور و فکر اور اپنی سمجھ اور رجحانِ عقلی و طبعی کے مطابق اُن کا حل پیش کر رہے ہیں، لیکن اب تک معاملات بظاہر جوں کے توں ہیں لعد اُن کا کوئی تشفی بخش حل نہیں ملا۔ یا حل موجود ہے لیکن جن لوگوں سے اُن کا تعلق ہے (اور وہ فقط مسلمان ہی نہیں ہیں) انھوں نے اب تک اسے اپنایا نہیں ہے۔ بہرحال اسی نوع کی ایک کوشش یہ کتاب ہے۔ چونکہ ہر حال اپنے ماضی کا نتیجہ اور زائیدہ ہوتا ہے اس بنا پر یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں حضرت شاہ ولی اللہ کے زمانہ سے لے کر ملک کی تقسیم تک ملک میں جو حالات رونما ہوئے اور اُن کی وجہ سے مسلمانوں میں جو مختلف قسم کی تحریکیں پیدا ہوتی رہیں اُن کا ایک مختصر مگر بڑی حد تک جامع جائزہ لے کر ہر تحریک کی خصوصیات اُس کے بانیوں کے حالات و سوانح اور اُس کے عام نتائج و ثمرات پر گفتگو کی گئی ہے۔ دوسرا حصہ جو نسبتہً مختصر ہے اُن معاملات و مسائل پر مشتمل ہے جن سے مسلمان اپنی اجتماعی اور انفرادی زندگی میں تقسیم سے اب تک برابر دوچار ہیں۔ تیسرا حصہ جو ہمارے نزدیک کتاب کا حاصل اور مغز ہے اُس میں یہ بتانے کے بعد کہ جدید ہندوستانی قوم جدید عالمی تہذیب کا ایک جز ہے فاضل مصنّف نے بڑی دلچسپی کے ساتھ اس جدید عالمی تہذیب کے اجزائے ترکیبی مثلاً سیکولرزم اور سائنٹفک اندازِ نظر، جمہوریت و اشتراکیت، قومیت اور وطنیت اور دوسری جانب اسلامی تہذیب و ثقافت اور اسلامی اعتقادات